© rasailojaraid.com



# خبر نامہ ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی (۴۲)

☆ صدر ادارہ و امیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری کی کتاب 'خدا کی غلامی انسان کی معراج' کو دینی و تحریکی حلقوں میں مقبولیت حاصل ہے۔ مختصر عرصے میں اس کے کئی ایڈیشن منظر عام پر آئے ہیں۔ اس کا ترجمہ ہندی، تلگو اور مراٹھی میں شائع ہو چکا ہے۔ اب جناب عثمان محمد اقبال صاحب نے اس کا انگریزی ترجمہ Submission to God - Glory to man کے نام سے کر دیا ہے اور مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے اس کی اشاعت عمل میں آئی ہے۔ صفحات: ۴۸، قیمت: ۲۴ روپے

☆ دوسری میقات کے لیے جماعت اسلامی ہند کا امیر منتخب ہونے کے بعد مولانا عمری نے ایک طویل انٹریو دیا تھا جس میں ان کی علمی دل چسپیوں اور جماعت کی سرگرمیوں کے علاوہ مختلف ملّی، ملکی اور عالمی امور و مسائل تفصیل سے زیر بحث آئے تھے۔ مرکزی مکتبہ اسلامی سے اس کی اشاعت کتابی صورت میں ہوگئی تھی۔ اب اس کا تمل ترجمہ اسلامک فاؤنڈیشن ٹرسٹ چنّئی سے معیاری اور دیدہ زیب طباعت کے ساتھ منظر عام پر آیا ہے۔ صفحات: ۸۸، قیمت: -/۴۰ روپے۔

☆ مولانا عمری کا ایک خطاب مرکزی مکتبہ اسلامی نے 'وقت حساب' کے عنوان سے شائع کیا تھا۔ اب اس کا تمل ترجمہ بھی اسلامک فاؤنڈیشن ٹرسٹ سے شائع ہوگیا ہے۔ صفحات: ۲۷، قیمت: -/۲۵ روپے۔

☆ ادارۂ تحقیق کے علمی منصوبہ کے تحت سابق رکن ادارہ مولانا سلطان احمد اصلاحی نے 'اسلام - ایک نجات دہندہ تحریک' کے عنوان سے ایک ضخیم کتاب تیار کی تھی۔ مرکزی مکتبہ اسلامی نے اسے تین حصوں میں تقسیم کرکے الگ الگ عنوانات سے شائع کر دیا ہے: اسلام ایک نجات دہندہ تحریک، صفحات: ۲۱۶، قیمت: ۹۰/روپے۔ عصر حاضر کا سماجی انتشار اور اسلام کی رہ نمائی، صفحات: ۳۱۶، قیمت: ۱۲۵/روپے۔ عصر حاضر کی نفسیاتی الجھنیں اور ان کا اسلامی حل، صفحات: ۲۱۶، قیمت: ۹۰/روپے۔

☆ معاون مدیر مجلّہ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کی کتاب 'انبیائے کرام کی دعوت- موضوعات اور خصوصیات'، جو ادارہ کے منصوبے کے تحت تیار کی گئی تھی، مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے شائع ہوگئی ہے۔ صفحات: ۱۲۸، قیمت: ۶۰ روپے۔ اس کے علاوہ ماہ نامہ زندگی نو نئی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دہلی میں رسائل ومسائل کالم کے تحت وہ جن فقہی وعلمی سوالات کے جوابات دیتے رہے ہیں، ان کا دوسرا مجموعہ مکتبہ سے ’زندگی کے عام فقہی مسائل‘ (جلد دوم) کے عنوان سے شائع ہو گیا ہے۔ صفحات: ۲۴۰، قیمت: -/۱۰۰ روپے۔

☆ تحقیقات اسلامی میں شائع شدہ ڈاکٹر ندوی کے قلم سے ایک عربی مضمون کا ترجمہ ’تاریخ جمع وتدوین قرآن‘ اسلامک بک فاؤنڈیشن نئی دہلی نے کتابی صورت میں شائع کر دیا تھا [صفحات: ۵۶، قیمت: -/۴۰ روپے] اب اسلامک ریسرچ اکیڈمی کراچی سے بھی وہ شائع ہو گیا ہے۔

☆ ادارہ کے سلسلۂ توسیعی خطبات کے تحت مورخہ ۱۶/ اکتوبر ۲۰۱۱ء کو ڈاکٹر محمد ذکی کرمانی نے ’اسلامائزیشن آف نالج: سائنس کے تناظر میں‘ کے موضوع پر مقالہ پیش کیا۔ انھوں نے اس اصطلاح کا تاریخی پس منظر بیان کرتے ہوئے ان تحریکات اور شخصیات کی خدمات پر بھی روشنی ڈالی جنھوں نے گزشتہ صدی میں مختلف علوم کو اسلامیانے کی کوشش کی ہے۔ اس پروگرام کی صدارت ڈاکٹر محمد ریاض کرمانی نے کی۔ علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے اساتذہ، طلبہ اور دیگر حضرات نے شرکت کی۔

☆ مورخہ یکم دسمبر ۲۰۱۱ء کو ادارہ کے زیر تربیت اسکالرس کی انجمن ’رائٹرس فورم‘ کی ماہانہ نشست ہوئی۔ اس میں مولانا ظفر صادق ندوی نے ’شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کا نظریۂ ارتفاقات اور اس کی معنویت‘ کے عنوان سے مقالہ پیش کیا۔

☆ ادارہ میں زیر تربیت اسکالر مولانا مزمل کریم فلاحی قاسمی نے اپنا دوسالہ تربیتی کورس مکمل کر لیا ہے اور اس عرصہ میں ایک مبسوط مقالہ بہ عنوان ’قرآنی قصے: دروس ونصائح‘ لکھ کر ادارہ کے حوالے کر دیا ہے۔ ادارہ کی مجلس منتظمہ نے فیصلہ کیا ہے کہ ان کی علمی دل چسپی اور یکسوئی کے مدنظر انھیں ادارہ میں رہ کر مطالعہ وتحقیق جاری رکھنے کا مزید موقع دیا جائے۔

☆ ادارۂ تحقیق اور مجلّہ تحقیقات اسلامی کے وابستگان اور بہی خواہان کے لیے یہ خبر بڑی باعث رنج والم ہوگی کہ جناب نیاز احمد شریف (بنگلور) کا مورخہ ۱۸/ نومبر ۲۰۱۱ء کو انتقال ہو گیا۔ موصوف نے ذاتی دل چسپی اور شوق سے تحقیقات اسلامی کی ویب سائٹ تیار کی تھی اور اس کے آغاز اجراء سے اب تک کے تمام شماروں کو اسکین کر کے انھیں اس پر اپ لوڈ کر دیا تھا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انھیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔



© rasailojaraid.com